پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ: www.rbi.org.in/hindi
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ایمیل: helpdoc@rbi.org.in

ڈپارٹمنٹ آف کمیونیکیشن، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، فورٹ، ممبئی - 400001
فون: 022-22660502

15 جولائی، 2022

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے دفعہ 56 کے ساتھ پڑھے جانے والے دفعہ 35 اے کے تحت جاری ہدایات– دی سٹی کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ، ممبئی– مدت میں توسیع

ریزرو بینک آف انڈیا نے اپنے جاری کردہ ہدایت نمبر DCBS.CO.BSD-I/D-5/12.22.039/2017-18 مورخہ 17 اپریل، 2018 کے تحت دی سٹی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی کو کاروبار کے اختتام سے 17 اپریل، 2018 کو ہدایات کے تحت رکھا تھا۔ ان ہدایات کی میعاد میں وقتاً فوقتاً توسیع کی گئی تھی، اور آخری بار 16 جولائی 2022 تک ان میں توسیع کی گئی تھی۔

2۔ اس کے ذریعے عوام کی معلومات کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا، بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے دفعہ 56 کے ساتھ پڑھے جانے والے دفعہ 35 اے کے ذیلی سیکشن (1) کے تحت اسے دیئے گئے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بات کی ہدایت دیتا ہے کہ مذکورہ بالا ہدایات، ہدایت نمبر DOR.MON/D-19/12.22.039/2022-23 مورخہ 8 جولائی 2022 کے مطابق 16 اکتوبر، 2022 تک بینک پر لاگو ہوتی رہیں گی، اور یہ کہ زیر مطالعہ رہیں گی۔

3۔ اس کے تحت ہدایت کی دیگر تمام شرائط وضوابط میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ مورخہ 8 جولائی 2022 کی ہدایت کی ایک کاپی جس میں مذکورہ بالا توسیع کا ذکر کیا گیا ہے، وہ بینک کے احاطے میں عوام کو دیکھنے کے لیے رکھا گیا ہے۔

4۔ ریزرو بینک آف انڈیا کی جانب سے مذکورہ توسیع اور /یا ترمیم سے ہرگز یہ نہیں سمجھا جانا چاہیے کہ ریزرو بینک آف انڈیا بینک کی مالی پوزیشن سے مطمئن ہے۔

(یوگیش دیال)

چیف جنرل مینیجر

پریس ریلیز: 2022-2023/538